SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

July 20, 2017

For immediate release

کمپنیاں گزشتہ مالی سال کے سٹیٹمنٹ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت جمع کرواسکتی ہیں۔ایس ای سی پی

اسلام آباد، ۲۰ جولائی: کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے مطلوبات کے مطابق مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں درپیش عملی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ تمام کمپنیاں جن کا مالی سال 30 جون 2017 یا اس سے پہلے ختم ہو چکا ہے وہ 1984 کے تنسیخ شدہ کمپنیز آرڈیننس کے مطابق اپنے مالیاتی سٹیٹمنٹ تیار کر سکیں گی۔

ان میں ۳۰ جون سے پہلے تک کے لئے سہ ماہی اور عبوری مدت کے مالیاتی سٹیٹمنٹ بھی شامل ہیں۔ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ نئے مطلوبات کا اطلاق ان کمپنیوں پر ہو گا جن کے مالی سال کا اختتام 30 جون 2017 کے بعد ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ نیا کمپنیز ایکٹ 30 مئی 2017 کو نافذ العمل ہو چکا ہے اور اس میں کمپنیوں کی جانب سے مالیاتی سٹیٹمنٹ کی تیاری کے ضمن میں نئے مطلوبات لاگو کئے گئے ہیں۔

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اس ضمن میں کمپنیوں کی جانب سے نئے نافذ العمل ہونے والے کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق مالیاتی گوشواروں کی تیاری کے حوالے سے مذکورہ بالا اثر کا حامل وضاحتی مراسلہ نمبر ۱۷ جاری کیا ہے۔ مذکورہ وضاحتی سرکلر نمبر ۱۷ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی لگا دیا گیا ہے جو حسب ذیل لنک https://www.secp.gov.pk/laws/circulars/ پر دستیاب ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005